سوال

(240) حق پر ہوکر دوسری مسجد بنانا اور اُس کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر بے نماز پر نماز جنازہ نہ پڑھنے کی وجہ سے شرارتی لوگ مسجد کے نام سے کوئی عمارت بنالیں تو اس مسجد اور اس میں نماز پڑھانے والوں کے لیے شریعت محمدیہؐ میں کیا حکم ہے کیا وہ مسجد ضرار نہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو بے نماز کا جنازہ نہ پڑھے وہ عین حق پر ہے اور اس وجہ سے جو مسجد بنائی جائے وہ مسجد ضرار ہے۔ جو حق کے مقابلہ میں تفریق اور ضرر کے لئے بنائی جائے اور تقویٰ اور پرہیز گاری پر اس کی بنیاد نہ ہو۔ جیسے قرآن مجید پارہ 11 رکوع 2 میں ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

مساجد کا بیان، ج1ص326

محدث فتویٰ